## سوال

(6) مسلمان ہونے کی شرائط اور اہل قبلہ کی تکفیر

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قبلہ کی طرف رخ کرنے والے سارے لوگ مسلمان ہیں؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔ (محمد فیاض دامانوی، بریڈ فورڈ انگلینڈ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبلہ (بیت اللہ) کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنے والے اوراپنے آپ کو مسلمان سمجھنے یا کہلوانے والے سارے لوگ مسلمان نہیں بلکہ ان میں ختم نبوت کے منکرین، مثلاً قادیانیہ وبہائیہ وغیر ہما اوران جیسے کفریہ عقائد رکھنے والے لوگ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

مسلمان کےلیے ضروری ہے کہ وہ درج ذیل ایمانیات وعقائد پر صحیح اور سچا ایمان رکھے:

1۔ قرآن مجید کے کلام اللہ، برحق اور غیر مخلوق ہونے پر ایمان:۔

جو لوگ قرآن مجید میں تحریف کے قائل ہیں یا قرآن مجید کو مخلوق کہتے ہیں، وہ لوگ کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

2۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ پر ایمان:۔

3۔ جو عقیدہ وعمل قرآن واحادیث صحیحہ سے ثابت ہے اس پر ایمان، مثلاً حیات مسیح علیہ السلام نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام خروج دجال لعین اور دیگر عقائد صحیحہ

4۔ ختم نبوت (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری نبی ہونے) پر ایمان

5۔ توحید ربوبیت، توحید الوہیت اور توحید الاسماء والصفات پر ایمان

6۔ شعائر اللہ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ، کتاب اللہ اور صحیح حدیث وغیرہ کی تکریم وتعظیم اوراس سے محبت کرنا اور ہر قسم کی صریح وغیر صریح گستاخیوں سے مکمل بچنا۔

7۔ ضروریات دین والے عقائد و مسائل پر ایمان

8۔ثابت شدہ اور ناقابل تردید اجماع امت پر ایمان

9۔ تقدیر پر ایمان

10۔ فرشتوں پر ایمان

11۔ آسمانی کتابوں مثلاً تورات، زبور، انجیل اور صحف ابراہیم و موسیٰ علیہ السلام پر ایمان کہ یہ کتابیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہیں اور یہود و نصاریٰ نے بعد میں آسمانی کتابوں میں تحریف تبدیلی کردی۔

12۔ تمام رسولوں اور انبیاء علیہ السلام کی رسالت و نبوت پر ایمان

13۔ توحید پر ایمان

14۔ شرک سے کلیتاً اجتناب

15۔ شیاطین اور ان کی ذریت، نیز طواغیت اور مقلدین طواغیت سے براءت کا اعلان (وغیر ذلک)

تفصیل کے لیے مطولات (مثلاً صحیح بخاری و صحیح مسلم کی کتاب الایمان اور امام آجری کی کتاب الشریعہ وغیرہ) کا مطالعہ مفید ہے یا اپنے قریبی صحیح العقیدہ علماء سے رابطہ رکھیں۔

یہ وہ ایمانیات ہیں جن میں سے کسی ایک کے انکار سے بھی انسان دائرہ اسلام سے باہر ہوجاتا ہے۔

نیز دیکھئے راقم الحروف کی ترجمہ کردہ کتاب "شرح حدیث جبریل علیہ السلام"

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاوی علمیہ

## جلد3۔ توحید و سنت کے مسائل- صفحہ 27

محدث فتویٰ